✔MetroPlusHealth

50 Water St., 7th Floor • New York, NY 10004
1.800.303.9626 • TTY: 711 • metroplus.org

ماڈل Child Health Plus سبسکرائبر معاہدے کی زبان
1 جنوری 2023

یہ رائیڈر درج ذیل فوائد کو شامل کر کے آپ کے سبسکرائبر معاہدے میں ترمیم کرتا ہے:

نفسیاتی خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے کمیونٹی علاج کی خدمات۔ ہم نفسیاتی خود اعتمادی پیدا کرنے کے لیے کمیونٹی علاج کی خدمات (ACT)، نوجوان بالغ ACT اور نوجوان ACT کے لیے ادائیگی کریں گے۔ سروسز کا حوالہ لازماً ایک فزیشن ڈاکٹر یا دیگر لائسنس یافتہ فراہم کنندہ کی جانب سے، ریاستی قوانی کے تجت مشق کے تحت ان کے دائرہ کار کے اندر، دیا جانا چاہیے، جسمانی یا فکری معذوری کی زیادہ سے زیادہ کمی اور اس کی بہترین ممکنہ فعلیاتی لیول کے مستفیدی کی بحالی کے لیے۔

طبی سامان۔ ہم ایسے طبی سامان کے لیے ادائیگی کریں گے جس کا آرڈر ایک فراہم کنندہ کی طرف سے ایک مخصوص طبی عارضہ کے علاج کے لیے کیا گیا ہو اور جو عام طور پر قابل صرف، ناقابل دوبارہ استعمال، قابل تلفی اور ایک خاص مقصد کے لیے ہوتا ہے اور اس کی عام طور پر کوئی قابل بچت قدر نہیں ہوتی ہے۔

جبڑوں اور بے ترتیبانہ دانتوں کی شدید جسمانی معذوری کے لیے آرتھوڈانٹک سروسز۔ ہم جبڑوں اور بے ترتیبانہ دانتوں کی شدید جسمانی معذوری کے لیے ادائیگی کریں گے۔ آرتھوڈونٹیا کے بیمہ کے لیے پیشگی منظوری مطلوب ہوتی ہے۔ سروسز میں زندگی بھر کے ایک بار کے فائدے کے لیے شدید جسمانی طور پر معذوری کی حامل جبڑوں اور بے ترتیبانہ دانتوں کی خرابیوں کے لیے آرتھوڈونٹک نگہداشت شامل ہے جس کی ایک اہل ممبر کو زیادہ سے زیادہ تین سال فعال آرتھوڈانٹک نگہداشت، مع ایک سال برقرار رکھے جانے کے لیے باز ادائیگی کر دی جائے گی۔ دوبارہ پیش آنے والے معاملات کے لیے دوبارہ علاج ایک احاطہ کردہ سروس نہیں ہے۔ علاج کی لازماً منظوری دی جانی چاہیے اور ممبر کی 19 ویں سالگرہ سے پہلے فعال تھراپی کا آغاز (آلات لگا دیئے گئے اور فعال شدہ) ہونا چاہیے ۔

ایئر ایمبولینس سروسز۔ ہم تباہ کُن، زندگی کے لیے خطرناک بیماریوں یا عوارض کے لیے ایئر ایمبولینس کی سروسز کے لیے ادائیگی کریں گے جب؛ مریض کی حالت کے بدتر ہونے یا موت کے خطرے میں کمی لانے کے لیے تیز رفتار ٹرانسپورٹ کی ضرورت ہو؛ مریض کے لیے زمینی ٹرانسپورٹ مناسب نہ ہو؛ یا نقل و حمل کے دوران لائف سپورٹ کے سامان اور ایڈوانسڈ طبی نگہداشت کی ضرورت ہو۔

فیسلیٹیز کے مابین ٹرانسپورٹ۔ ہم فیسلیٹیز کے مابین فضائی اور زمینی ٹرانسپورٹ کے لیے ادائیگی کریں گے جب ایسی سروسز کو ہنگامی نقل و حمل سمجھا جاتا ہے۔ اس میں ایمرجنسی روم سے مرکز برائے نفسیات تک ٹرانسپورٹ؛ ایمرجنسی روم سے ٹراما/کارڈیک کیئر/برن سینٹر تک ٹرانسپورٹ؛ ایمرجنسی روم سے ایمرجنسی روم تک ٹرانسپورٹ اور ایمرجنسی روم سے دوسری فیسیلیٹی تک ٹرانسپورٹ شامل ہے۔ پیشگی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔

بچوں اور خاندان کے علاج اور معاونت کی سروسز۔ ہم بچوں اور خاندان کے علاج اور معاونت کی سروسز (CFTSS) کے لیے ادائیگی کریں گے۔ سروسز اس کمیونٹی میں فراہم کی جا سکتی ہیں جہاں بچہ/نوجوان رہتا، اسکول جاتا اور/یا سروسز میں مشغول عمل ہوتا ہے۔ خدمات میں شامل ہیں: دیگر لائسنس یافتہ پروفیشنلز (OLP)، کرائسز انٹروینشن، کمیونٹی سائیکیٹرک سپورٹ اینڈ ٹریٹمنٹ (CPST)، سائیکو سوشل ری ہیبلیٹیشن سروسز، فیملی پیئر سپورٹ سروسز، یوتھ پیئر سپورٹ کی جانب سے فراہم کردہ سروسز۔

بنیادی محدود صحت سے متعلقہ سروسز ہم رضاکارانہ فوسٹر کیئر ایجنسی I-29/ (VFCA) ہیلتھ فیسیلیٹی میں بنیادی محدود صحت سے متعلقہ سروسز کے لیے ادائیگی کریں گے۔ صحت اور رویہ جاتی صحت کی نگہداشت کی سروسز کو لازماً صحت کی مشق کے معقول اور قابل قبول معیارات پر پورا اترنا چاہیے جیسا کہ ریاست کی طرف سے تسلیم شدہ صحت کی تنظیموں کے مشورے سے تعین کیا جاتا ہے۔ سروسز میں درج ذیل پانچ بنیادی محدود صحت سے متعلق سروسز شامل ہیں: مہارت کی تعمیر و ترویج کی سروسز؛ نرسنگ سروسز؛ علاج کی منصوبہ بندی اور ڈسچارج کی منصوبہ بندی؛ طبی مشاورت کاری/نگرانی کی سروسز اور VFCA Child Health Plus رابطہ/ایڈمنسٹریٹر۔